# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 14, 2023

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ٹیم نے ایل پی یو میں منعقدہ سالانہ ناسا ڈیزائن مقابلہ جیتا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ آرکی ٹیکچر کے طلبا کی ایک ٹیم نے پنجاب کے لولی پروفیشنل یونیورسٹی میں مورخہ آٹھ جون سے تیرہ جون دو ہزار تیئس کے دوران منعقدہ پینسٹھویں سالانہ ناسا کنونشن میں پہلا انعام جیتا ہے۔ واضح ہو کہ اس میں دوسو سے زیادہ کالجوں نے حصہ لیا تھا۔ جامعہ کی ٹیم نے مقابلے میں مجموعی طور پر چوتھی پوزیشن حاصل کی۔

جامعہ کی ٹیم کو آل انڈیا نیشنل ڈیزائن کمپٹیشن (اے این ڈی سی ) کے دو اہم زمروں میں منتخب کیا گیا تھا۔ایک انتخاب لوری بیکر ٹرافی (ایل بی ٹی ) اور دوسرا انتخاب آرکی ٹیکچر تحریر زمرے میں ہوا تھا جس میں تعمیراتی تصورات کو موثر انداز میں پیش کرنے کی اہلیت پر زور رہوتا ہے۔

مزید برآں جامعہ ٹیم نے انول ناسا ڈیزائن کمپٹیشن میں پہلا انعام جیتا ہے۔اس انعام کو جیت کر جامعہ ٹیم نے ڈیزائن میں اپنی غیر معمولی صلاحیت، اختراعی فکر اور کرافٹ کے تیئں اپنی سنجیدگی کو اجاگر کیا ہے۔اس مقابلے نے طلبا کو ایک پلیٹ فارم مہیا کیا ہے جس میں وہ اپنے تخلیقی صلاحیت کے مظاہرہ کے ساتھ قومی سطح آرکی ٹیکچرل چیلنج کے عملی حل بھی پیش کرتے ہیں۔

علاوہ ازیں طلبا نے جی آر آئی ایچ اے (گرین ریٹنگ فار انٹیگر یٹیڈ ہیبی ٹیٹ اسیسمنٹ ) زمرے میں بھی اپنی پہچان بنائی اور پائے دار ڈیزائن کے کام کے تیئں اپنے عہد کو اور مستحکم کیا۔گریہا ایک ریٹنگ نظام ہے جو عمارتوں کے ماحولیاتی مظاہرے کی تحسیب کرتا ہے اور تعمیرات میں پائے دار پریکٹسیز کے ارتباط کو فروغ دیتا ہے۔

جامعہ کے طلبا کا مظاہرہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ یونیورسٹی طلبا کے لیے معیاری تعلیم کی فراہمی اور تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے پابند عہد ہے۔طلبا کی یہ حصولیابیاں ان کی محنت شاقہ، خلوص اور صدر شعبہ پروفیسر (ڈاکٹر) قمر ارشاد اور ڈین پروفیسر حنا ضیا کے ساتھ ساتھ ان کے سرپرست اے آر عماد نظامی کی رہنمائی کی مرہون منت ہیں۔طلبا کے وفد کی سربراہی اسسٹنٹ پروفیسر اے آر محمد عامر خان نے کی تھی۔

ان باصلاحیت طلبا کی حصولیابیاں اور کامرانیاں پوری جامعہ برادری کے لیے باعث فخر و انبساط ہے اور جامعہ برادری مذکورہ کنویشن میں ان طلبا کے شان دار مظاہرے کی ستائش کرتی ہے۔ان کی یہ کامیابی نئی نسل کے آرکی ٹیکٹوں کے لیے بطور ایک محرک اور ترغیب کے ہے جو انھیں آرکی ٹیکچر کے میدان میں افضلیت کو دھیان میں رکھتے ہوئے نئی زمین اور نیا آسمان پیدا کرنے کی طرف راغب کرتی ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی